سوال

مرنے کے بعد کی زندگی

جواب

میاں بیوی جنت میں میاں بیوی ہی ہونگے السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ جب مرد یا عورت میں سے کوئی فوت ہوجاتا ہے، دنیا میں تو ان کا رشتہ خاوند بیوی کا ہوتا ہے توکیا مرنے کے بعد اللہ کرے تمام مسلمان جنت الفردوس میں داخل ہوں۔ توکیا میاں بیوی ایک دوسرے سے ملیں گے۔ ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! اگر میاں بیوی دونوں جنت میں چلے جائیں تو وہ دونوں وہاں بھی میاں بیوی ہی ہونگے، بلکہ دنیا کی بیوی جنتی حوروں سے زیادہ خوبصورت ہوگی اوران کی سردار ہوگی۔ ارشاد باری تعالی ہے۔ (ادْخُلُوا الْجَنَّةَ أَنْتُمْ وَأَزْوَاجُكُمْ تُحْبَرُونَ) [الزخرف: 70]. تم اور تمہاری بیویاں جنت میں داخل ہوجاو۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب فتوی کمیٹی محدث فتوی